22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	السيرة والفضائل	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ــــــــــــــــــــــــــــ

نام طالبعلم: ________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ "الشمائل المحمدية والخصائل المصطفوية" کے مصنف ہیں

(الف) امام ترمذی (ب) امام نسائی (ج) امام بخاری (د) امام مسلم

2۔ امام ترمذی کا سن وفات ہے:

(الف) 279ھ (ب) 280ھ (ج) 290ھ (د) 291ھ

3۔ شمائل جمع ہے:

(الف) شمیلہ کی (ب) شمال کی (ج) شامل کی (د) شمیل کی

4۔ حضرت براء بن عازب نے آپ ﷺ کے چہرہ کو مثل کہا:

(الف) تلوار کی (ب) چاند کی (ج) چراغ کی (د) سورج کی

5۔ آپ ﷺ کی مہر نبوت تھی:

(الف) پیشانی پر (ب) سینے پر (ج) دونوں کندھوں کے درمیان (د) ہاتھ مبارک پر

6۔ حضرت انس کے مطابق آپ ﷺ کی زلف عنبرین دراز تھیں:

(الف) کندھوں تک (ب) نصف کانوں تک (ج) کانوں کے اوپر والے حصے تک (د) سینے تک

7۔ آپ ﷺ آنکھوں میں سلائیاں سرمہ ڈالتے تھے:

(الف) ایک ایک (ب) دو دو (ج) تین تین (د) چار چار

8۔ آپ ﷺ کو اس رنگ کے کپڑے زیادہ پسند تھے:

(الف) سفید (ب) سبز (ج) کالے (د) نیلے

9۔ آپ ﷺ نے سب سے بہتر سالن قرار دیا ہے:

(الف) سرکہ کو (ب) بھنڈی کو (ج) گوشت کو (د) انڈے کو

10۔ آقا ﷺ اپنی بات کو دہراتے تھے:

(الف) دو بار (ب) تین بار (ج) چار بار (د) پانچ بار

ورق الٹئے

11۔ "حضور نبی اکرم ﷺ کا پیکر جمال" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) ڈاکٹر طاہر القادری (ب) ڈاکٹر حسن (ج) ڈاکٹر حسین (د) مفتی محمد عرفان خان قادری

12۔ "لرأى زليخا لو رأين جبينه لآثرن بقطع القلوب على اليد" یہ شعر ہے:

(الف) حضرت عائشہ کا (ب) حضرت علی کا (ج) حضرت حسان کا (د) حضرت فاطمہ کا

13۔ آپ ﷺ کا قد مبارک تھا:

(الف) تھوڑا دراز (ب) زیادہ دراز (ج) درمیانہ (د) قدرے چھوٹا

14۔ "اس صورت نوں میں جان آکھاں" یہ کس کا شعر ہے:

(الف) پیر مہر علی (ب) بلھے شاہ (ج) سلطان باہو (د) میاں محمد بخش

15۔ "تدویر" کا معنی ہے:

(الف) لمبائی (ب) گولائی (ج) چوڑائی (د) گہرائی

16۔ آقا ﷺ کا سایہ نہیں ہوتا تھا:

(الف) رات میں (ب) بادلوں میں (ج) نہ دن میں نہ رات میں (د) صرف چاندنی میں

17۔ "کان رسول اللہ ضخم الرأس" یہ قول ہے:

(الف) حضرت علی کا (ب) حضرت عائشہ کا (ج) حضرت براء کا (د) حضرت ابوہریرہ کا

18۔ آپ ﷺ کے بال مبارک اس رنگ کے تھے:

(الف) سیاہ (ب) گھنے سیاہ (ج) سرخی مائل (د) بھورے

19۔ حضرت انس کے مطابق آپ ﷺ کے کل بال سفید تھے:

(الف) 14 (ب) 15 (ج) 20 (د) 25

20۔ آپ ﷺ کثرت فرماتے تھے:

(الف) تبسم کی (ب) ضحک کی (ج) قہقہ (د) تینوں کی

22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	السیرة والفضائل	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادة العالیة (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):------------------------------

---

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ شمائل نبویہ سے کیا مراد ہے؟

2۔ شمائل نبوی پر لکھی گئی کتب میں سے دو کتب مع مصنف کے نام تحریر کریں۔

3۔ "كان رسول الله ﷺ ضليع الفم أشكل العين" کا ترجمہ کریں۔

4۔ آپ ﷺ کی مہر نبوت کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ دو سطریں لکھیں۔

5۔ آقا کی زلف عنبرین پر دو سطریں لکھیں۔

6۔ "كان رسول الله ﷺ يكثر دهن رأسه" کا ترجمہ کریں۔

7۔ حضور ﷺ کا پسندیدہ لباس کونسا تھا؟ دو سطروں میں بیان کریں۔

8۔ "دخل النبی ﷺ مكة يوم الفتح وعليه عمامة سوداء" کا ترجمہ کریں۔

9۔ آقا ﷺ کی چال مبارک کیسی تھی؟ دو سطریں تحریر کریں۔

10۔ "إن أطيب اللحم لحم الظهر" کا ترجمہ کریں۔

11۔ کھانے کا وضو کیا ہے؟ وضاحت کریں۔

12۔ آقا ﷺ کا انداز کلام کیسا تھا؟ دو سطریں تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "حضور نبی اکرم ﷺ کا پیکر جمال" کا عربی نام لکھیں۔

2۔ آپ ﷺ کے قد و قامت پر دو سطریں لکھیں۔

3۔ آپ ﷺ کے چہرہ انور پر دو سطریں لکھیں۔

4۔ آپ ﷺ کی رنگت مبارکہ پر دو سطریں لکھیں۔

5۔ آپ ﷺ کی جبین مبارک کیسی تھی دو لائنیں لکھیں۔

6۔ آپ ﷺ کا سینہ اقدس کیسا تھا؟ دو لائنیں لکھیں۔

7۔ حسن یوسف، دم عیسیٰ ید بیضا داری، شعر مکمل کریں۔

8۔ "خلقت مبرأ من كل عيب" شعر مکمل کریں۔

9۔ "عن علی رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله ﷺ رقيق البشرة" کا ترجمہ کریں۔

10۔ "كان رسول الله ﷺ رقيق الحاجبين" کا ترجمہ کریں۔

11۔ آپ ﷺ کی آواز مبارک کے بارے دو لائنیں لکھیں۔

12۔ آپ ﷺ کی سماعت مبارک کے بارے کوئی ایک شعر تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. (الف) امام ترمذی کے حالات زندگی مختصر تحریر کریں۔

(ب) حدیث شریف کی روشنی میں حضور ﷺ کی خلقت مبارکہ پر قدرے تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

ii. (الف) "عن قتادة قال: قلت لأنس بن مالك هل خضب رسول الله قال لم يبلغ ذلك إنما كان شيئا فی صدغيه و لكن أبو بكر رضی اللہ عنہ خضب بالحناء و الكتم" حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) سیاہ خضاب لگانا جائز ہے یا نہیں، اپنا مؤقف مدلل تحریر کریں۔

ورق الٹیے

iii. "عن ابن كعب بن مالك عن أبيه قال كان رسول الله يأكل بأصابعه الثلاث ويلعقهن"

(الف) سند اور متن حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) حدیث مبارکہ کی روشنی میں کھانے کے آداب پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. حضور ﷺ کے حسین سراپا مبارک پر تفصیلی نوٹ تحریر فرمائیں۔

ii. جسم اطہر کی نظافت و لطافت اور خوشبوئے عنبرین پر تفصیلی نوٹ کریں۔

iii. درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں

1۔ حضور ﷺ کی چشمان مبارک

2۔ حضور ﷺ کی داڑھی مبارک

3۔ آپ ﷺ کے قدمین مبارک